# 10275 ـ ایک تنظیم کے فنڈ کا بکس کسی دوسری تنظیم کو دینا

## سوال

میرے پاس ایک خیراتی تنظیم کے فنڈ کے لیے بکس ہے، اور میں چاہتا ہوں کہ یہ ڈبہ بھرنے کے بعد کسی دوسری تنظیم کو دیا جائے جس پر میں زیادہ مطمئن ہوں ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

سوال: ؟

آپ نے اس تنظیم کا ڈبہ کیوں قبول کیا ؟

جواب:

اس لیے کہ اس کے سامنے یہی تنظیم تھی، اور پھر بعد میں اسے اس سے بھی زیادہ بااعتماد تنظیم کا علم ہوا.

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا:

جب اس نے اس تنظیم کو دینے کی نیت سے جمع کیا ہے تو پھر جائز نہیں، کسی دوسری تنظیم کو دینا جائز نہیں ہے.

سوال: ؟

کیا سبب یہ ہے کہ چندے کا ڈبہ اس تنظیم کا ہے ؟ اور اس کی نیت کا اعتبار ہے؟

جواب:

جی ہاں، اگر اس نے ان کے لیےنیت کی تھی تو پھر اس تنظیم کے علاوہ کسی دوسری تنظیم کو دینا جائز نہیں، لیکن اگر ان سے اجازت حاصل کرلی جائے.